# جرم سے متاثرہ افراد

حقوق کا بل



نیویارک ریاست کا دفتر برائے اٹارنی جنرل

**لیٹیشیا جیمز**

## وسائل

**نیویارک ریاست کا دفتر برائے اٹارنی جنرل**
ag.ny.gov
1-800-771-7755

**جرم سے متاثرہ افراد کی معاونت**
ag.ny.gov/resources/individuals/policing-issues/victims-rights
1-877-462-46976

**متاثرہ افراد کی سروسز کے لیے نیویارک ریاست کا دفتر**
ovs.ny.gov
1-800-247-8035

**نیویارک ریاست کی بچوں پر تشدد اور ان سے بدسلوکی کی ہاٹ لائن**
ocfs.ny.gov/main/cps
1-800-342-3720

**نیویارک ریاست کی گھریلو تشدد کی ہاٹ لائن**
opdv.ny.gov
1-800-942-6906

**نیویارک ریاست کے دفتر برائے معمر سینئر شہری کی ہاٹ لائن**
aging.ny.gov
1-844-697-6321

## نیویارک کے عزیز باسیو،

متاثرہ افراد کو حقوق حاصل ہوتے ہیں – معلومات، اعلامیے اور، بعض صورتوں میں، معاوضۂ تلافی کے حقوق۔

پچاس سال سے زائد عرصے سے، نیویارک ریاست ان حقوق کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں اور استغاثہ کاروں کے لیے یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ فوجداری نظامِ انصاف کے عمل کے دوران متاثرہ افراد اور ان کے گھرانوں کے ساتھ منصفانہ اور قابلِ احترام سلوک کیا جائے۔ یہ حقوق مجرم کی سزایابی کے بعد بھی جاری رہتے ہیں۔

میرا دفتر جرم سے متاثرہ افراد اور ان کے گھرانوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کوشاں ہے۔ یہ بروشر ایسے ہی چند حقوق کو نمایاں کرتا ہے اور جرم سے متاثرہ افراد کے لیے دیگر وسائل پر معلومات فراہم کرتا ہے۔ اگر اس حوالے سے آپ کے کوئی سوالات ہیں کہ ان حقوق کا اطلاق آپ پر کیسے ہوگا، تو براہِ کرم بلا جھجک میرے دفتر سے رابطہ کریں۔

تسلیمات،

Letitia James



نیویارک کی اٹارنی جنرل
**لیٹیشیا جیمز**

# متاثرہ افراد کو یہ حقوق حاصل ہیں:

1. **پولیس رپورٹ کی نقل کا بلا معاوضہ حصول**، خواہ کوئی جسمانی چوٹ نہ آئی ہو۔

2. **فوجداری مقدمے کی کارروائیوں سے آگاہ کیا جانا**۔ استغاثہ کار کو موجودہ پتہ اور ٹیلیفون نمبر فراہم کرنے والے متاثرہ افراد کو ملزم کی گرفتاری، جج کے سامنے پہلی حاضری؛ فوجداری مقدمے کی کارروائی زیرِ التوا ہونے کی صورت میں جیل سے رہائی؛ جرم کے عذر کی پیش کاری، ٹرائل اور سزا؛ مجرم کو جیل کی سزا ہونے کی صورت میں قید کی زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم میعادیں؛ اور پیرول (parole) کی کسی بھی سماعتی تاریخوں سے مطلع کیے جانے کا حق حاصل ہے۔

3. **نسبتاً بڑے جرم کے مقدمے میں سزا سناتے وقت متاثرہ فرد پر پڑنے والے اثرات کا بیان نامہ تشکیل دینا**۔ یہ بیان نامہ متاثرہ افراد کو جرم کے بارے میں اپنے احساسات کے اظہار اور اشتراک اور اس بات کی عکاسی کا موقع دیتا ہے کہ اس جرم نے خود ان پر اور ان کے گھرانوں پر کیا اثرات مرتب کیے ہیں۔

4. **جرم کے نتیجے میں گم یا چوری ہوجانے والے ڈرائیونگ لائسنس، اجازت نامے**،

5. رجسٹریشن اور لائسنس پلیٹس کے لیے فیس کی دستبرداری حاصل کرنا۔

**قانون نافذ کرنے والے ادارے یا استغاثہ کار کی جانب سے آجروں کو** مطلع کیا جانا کہ فوجداری مقدمے کے نتیجے میں ملازمت سے غیر حاضری ہوسکتی ہے، یا قرض دہندگان کو جرم کی کیفیات سے آگاہ کرنا۔

6. **استغاثہ کاروں کے ساتھ مشاورت یا قانون کے تحت دیگر حقوق استعمال کرتے ہوئے**، فوجداری مقدمے کی کارروائی میں بطور گواہ حاضر ہونے کی صورت میں آجر کی جانب سے کسی بھی تادیبی سزا سے آزاد ہونا۔ آجر کی جانب سے اس قانون کی خلاف ورزی B درجے کا خفیف جرم ہے۔

7. **نیویارک ریاست کا دفتر برائے متاثرہ افراد کی سروسز میں** متاثرہ فرد کے معاوضۂ تلافی اور معاونت کے لیے اندراج کروانا۔ جسمانی چوٹ میں مبتلا متاثرہ افراد یا قتل ہو جانے والے فرد کے رشتے داروں کو جرم کے نتیجے میں اپنی جیب سے خرچ ہونے والے اخراجات کی واپسی کا استحقاق حاصل ہے۔ ان اخراجات میں نقصان پہنچنے والی املاک کی مرمت یا تبدیلی، آمدنیاں یا معاونت ختم ہونے کی صورت میں ادائیگیاں، طبی اور مشاورتی بلز، جائے وقوعہ کی صفائی یا جنازے کے اخراجات شامل ہوسکتے ہیں۔ جرم سے متاثرہ افراد عدالت میں پیشیوں کے لیے نقل و حمل کے اخراجات کی واپسی کا بھی حق رکھ سکتے ہیں۔ اغواء، ہراسانی اور حبسِ بے جا کے جرائم سے متاثرہ افراد آمدنیوں یا معاونت کے خاتمے، مشاورت کے واپس نہ ملنے والے اخراجات، بحالیٔ نو کی تربیت اور خراب ہو جانے والی ضروری ذاتی املاک اور سیکیورٹی ڈیوائسز کے اخراجات کی صورت میں ایک باضابطہ معاوضۂ تلافی کے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ جرم یا متاثرہ فرد کی وفات کے ایک سال کے اندر اندر دعوے جمع کروانا لازمی ہے۔ آپ پولیس، استغاثہ کار، اسپتال کے ایمرجنسی روم، متاثرہ افراد کی سروسز کے دفتر یا اٹارنی جنرل کے دفتر سے دعوے کا فارم حاصل کرسکتے ہیں۔ دیگر پروگرامز جیسے کہ زنا بالجبر کے بحرانی مراکز (ریپ کرائسس سینٹرز)، اور گھریلو تشدد اور بچوں کے ساتھ بدسلوکی کے پروگرامز کی جانب سے بھی معاونت دستیاب ہے۔
حوالوں کے لیے استغاثہ کار کے دفتر سے رجوع کریں۔

8. **تلافی کی درخواست مرتب کریں** اور استغاثہ کار کی مدد سے یہ درخواست عدالت میں پیش کریں۔ متاثرہ فرد متعلقہ جرم کے نتیجے میں اپنے نقصان کی تلافی کا مطالبہ مدعا علیہ سے کرسکتا ہے۔ تلافی کی رقم جرم کے نتیجے میں متاثرہ فرد کی ضائع ہونے والی کسی بھی شے کے ثبوت (ریکارڈز، رسیدیں) کی بنیاد پر طے ہوتی ہے۔ تلافی کا عمل مدعا علیہ کو سنائی جانے والی سزا کا حصہ ہوسکتا ہے۔

9. **دھونس، دھمکیوں یا ہراسانی سے آزاد رہنا**۔ متاثرہ فرد یا گواہ کو خوفزدہ کرنا نسبتاً سنگین درجے کا جرم ہے، اور اس کی سزا ملزم پر پہلے سے عائد شدہ سزاؤں کے علاوہ ہوگی۔ اگر آپ کے مقدمے سے تعلق رکھنے والے کسی بھی فرد کی جانب سے آپ کو دھمکی دی جائے یا آپ کی املاک کو نقصان پہنچایا جائے، تو آپ کو فوراً استغاثہ کار کے دفتر اور قانون نافذ کرنے والے ادارے سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اہلِ خانہ پر تشدد اور/یا دیگر اقسام کی پُرتشدد کارروائیوں کی صورت میں، تحفظ کے حکمنامے کی درخواست دی جا سکتی ہے۔

10. **اصلاح کاری کی سہولت سے مجرم کی رہائی**، آزادی یا فرار کا اعلامیہ موصول کرنا۔ استغاثہ کار ایک فارم مکمل کرے گا تاکہ آپ باخبر رہیں۔ نیویارک کا متاثرہ فرد کی معلومات اور اعلامیہ ہر روز (Victim Information and Notification Everyday (VINE)) سسٹم مجرموں کی تحویل کاری کی کیفیت سے متعلق تازہ ترین معلومات بذریعہ ٹیلیفون یا انٹرنیٹ فراہم کرتا ہے۔ جرم سے متاثرہ افراد اور نیویارک کے دیگر شہری (888) VINE-4NY (888-846-3469) پر کال کرکے یا vinelink.com سے منسلک ہو کر سزا یافتہ مدعا علیہان کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔ مجرم کا شناختی نمبر یا تاریخِ پیدائش، جنہیں آپ استغاثہ کار سے حاصل کرسکتے ہیں، فراہم کرکے آپ ان کی سزایابی اور رہائی کی معلومات جان سکتے ہیں۔ آپ VINE پر رجسٹر ہو کر بھی مجرم کی رہائی ہونے پر بذریعہ ٹیلیفون ایک خودکار اعلامیہ پا سکتے ہیں۔